© rasailojaraid.com



پردے تار تار ہو کر وہ روشنی نظر آسکتی ہے جس کا منبع کتاب اللہ اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو صراطِ مستقیم کی ہدایت دے۔ آمین!

---

نام کتاب . . . پیغام جیلانی

مصنف . . . مولانا محمد اشرف سندھو

ضخامت . . . ۱۸۵ صفات سائز ۲۰ × ۲۶ / ۸

قیمت . . . دس روپے

ملنے کا پتہ . . . دارالاشاعت اشرفیہ سندھو بلوکی ضلع قصور

مصنف نے یہ کتاب اس نظریہ کے تحت لکھی ہے کہ مسلمانوں کی بہت بڑی اکثریت چونکہ شاہ جیلانی کی عقیدت و محبت کا دم بھرتی اور ان سے نسبت اور تعلق کو اپنے لئے باعثِ فخر خیال کرتی ہے۔ لہٰذا ان کے مذہب و مسلک کا خلاصہ عوام کے سامنے مستقل طور پر پیش کیا جائے کہ ممکن ہے، عقیدت کا رنگ عملی صورت اختیار کر جائے اور مسلمان شاہ جیلانیؒ کی تعلیمات کی روشنی میں پھر سے کتاب و سنت کا دامن تھام کر دینوی و اخروی زندگی میں فوز و فلاح اور کامرانی سے ہمکنار ہو سکیں۔

یہ عجیب بات ہے کہ جو لوگ شاہ جیلانی کی عقیدت کا دم بھرتے، ہر ماہ ان کے نام کی گیارھویں پکاتے اور ان سے ایک گونہ تعلق کے دعویدار ہیں، وہی لوگ ان کی تعلیمات سے اس قدر دور اور نا واقف ہیں کہ حیرت ہوتی ہے — اور جن لوگوں کو ان کا منکر خیال کر کے مطعون کیا جاتا ہے، ان کا طرزِ فکر و عمل بالکل وہی ہے جو شاہ جیلانیؒ کا تھا اور جس کی بنیاد قرآن و سنت ہیں —— پیغام جیلانی اس اجمال کی خوبصورت تفصیل بھی ہے۔

---

نام کتاب . . . گلدستۂ طب و صحت (حصہ دوم)

مؤلف . . . زبدۃ الحکماء حکیم نور احمد صاحب (تمغہ یافتہ)

ضخامت . . . ۲۷۵ صفحات، سائز ۱۸ × ۲۲ / ۸

قیمت . . . دس روپے

ملنے کا پتہ . . . مکتبہ نور الصحت، عبدالکریم روڈ، قلعہ شاہ فیصل لاہور

زبدۃ الحکماء حکیم نور احمد صاحب نے جو طبی کمیٹی لاہور کے صدر ہیں اور جو کافی عرصہ تک اپنے خ

© rasailojaraid.com